حیسکو پریس ریلیز مورخہ 29 نومبر 2021 (بروز پیر)

# وزارت پاور ڈویژن حکومت پاکستان کی ہدایات پر انجنیئر نور احمد سومرو نے چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو حیدرآباد کے عہدے کا چارج سنبھالنے کے بعد عوام، صارفین اور ملازمین کو پیغام دیا ہے کہ میری اولین ترجیحات میں سب سے پہلے عوام (People) ہیں، حیسکو کے تمام صارفین ہماری فیملی ہیں ہمیں ان کی (Care) کرنی ہے،، سروس وتھ سمائیل مسکراتے ہوئے سروس فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے، صارف دوست رویا ہماری پہچان ہے اور ہماری کامیابی کی ضمانت بھی اسی میں ہے۔ حیسکو کے تمام ملازمین اور عوام حیسکو کے محافظ ہیں، آئیں ہم سب مل کر حیسکو کی ترقی کیلئے کام کریں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد سومرو

حیدرآباد ( ) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو کے نئے چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد سومرو نے قائم مقام چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو عبدالرحیم سومرو سے باقائدہ چارج لینے کے بعد کہا ہے کہ حیسکو کے تمام ملازمین ایک ٹیم ہو کر ادارے کی ترقی اور نیک نامی کے لیئے محنت لگن اور ایمانداری سے کام کریں۔ حیسکو چیف نور احمد سومرو نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ میری اولین ترجیحات سب سے پہلے عوام صارفین کی کیئر ( حفاظت ) اور مسکراتے ہوئے سروس (Service with smile) فراہم کرنا ہے اس کے علاوہ انہوں نے کہا کہ عوام اور حیسکو کے تمام ملازمین حیسکو کی فیملی کی طرح ہیں ہم سب کو مل کر اس کی حفاظت کرنی ہے، ہم سب اس کے محافظ ہیں، آئیں ہم سب مل کر حیسکو کی ترقی کیلئے کام کریں، انشاءاللہ صارف دوست رویا اور مسکراتے ہوئے سروس فراہم کرنا ہماری پہچان اور کامیابی کی ضمانت بنے گی۔ حیسکو چیف نے مزید کہا کہ جو ملازم بہترین کام کرے گا اس کو انعام بھی دیا جائے گا، آج سے عہد کریں کہ حیسکو کی ترقی کے لیئے دن رات محنت، لگن اور ایمانداری سے کام کر کے بجلی چوری کا مکمل خاتمہ کرینگے، حیسکو چیف کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد کا سلسلہ جاری ہے جس میں چیف آپریٹنگ آفیسر عبدالرحیم سومرو، جنرل مینیجر ٹیکنیکل گل منیر سرھیو، ڈی جی ایچ آر اینڈ ایڈمن محمد عثمان میمن، چیف کمرشل آفیسر سرفراز احمد خان، چیف انٹرنل آڈٹ اقبال منصوری، چیف فنانشل آفیسر میڈم حنا ٹالپر، ایڈیشنل ڈی جی لیگل اینڈ لیبر ستار بخش سومرو، پرنسپال RTC جامشورو شفیق احمد میمن، مینیجر میٹریل مینجمنٹ روشن اوٹھو، مینیجر ایڈمن میڈم پشمینہ شیخ، P.D کنسٹرکشن جلال الدین، ریجنل مینیجر M&T ریاض احمد پٹھان، S.E حیدرآباد سرکل نثار میمن، S.E نوابشاہ امیر احمد میمن، S.E لاڑ سرکل عبدالغفور شیخ۔ S.E میرپورخاص سرکل ذوالفقار میمن، سرکل مینیجر M&T مشتاق بروھی، سرکل مینیجر M&T عبدالوحید شیخ، سرکل مینیجر M&T سید نبی شاہ، ڈپٹی ڈائریکٹر میراڈ ماجھی خان ھنگورجو، ڈپٹی مینیجر سی ایم سیل سعید احمد خان، ڈپٹی مینیجر سروسز علی خان جمالی، ڈپٹی مینیجر ٹی ایم پی/ ایچ آر مختیار احمد میمن، PSO حیسکو عبدالکریم شیخ، انچارج شعبۂ تلقات عامہ محمد صادق کُبر، حیسکو کے سابقہ افسران محمود علی قائمخانی، دلاور حسنین میمن، نجم الدین ابڑو و دیگر افسران نے مبارکباد دی ہے۔ اور یقین دلایا ہے کہ ہم سب ایک ٹیم ہو کر حیسکو کی ترقی کے لیئے کام کرینگے۔



حیدرآباد: حیسکو کے نئے چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد سومرو حیسکو چیف کی چارج سنبھالنے پر تمام حیسکو افسران مبارکباد دے رہے ہیں